NYC Public Schools

2024-2025 ڈائریکٹری معلومات اطلاع نامہ اور اوپٹ آوٹ فارم برائے نیشنل اسٹوڈنٹ کلئرنگ ہاوس (National Student Clearinghouse)

خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون (FERPA)، ایک وفاقی قانون، کے مطابق، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (NYC DOE) اجازت کے بغیر ایسی معلومات افشا نہیں کرسکتا جو کسی طالب علم کی نشاندہی کرتی ہوں۔ تاہم، کچھ معلومات کا جنہیں "ڈائریکٹری معلومات" کہا جاتا ہے، کچھ صورتوں میں اشتراک کیا جا سکتا ہے۔ **نیویارک شہر محکمئہ تعلیم "ڈائریکٹری معلومات" کا اشتراک نیشنل اسٹوڈنٹ کلئرنگ ہاوس (NSC) کے ساتھ کرتا ہے۔ بانٹے جانے والی ڈائریکٹری معلومات ان طلبا کے ناموں اور تاریخِ پیدائش پر مشتمل ہوتی ہیں جنہوں نے 2024-2025 میں گریڈ 9 شروع کیا ہے، ان طلبا کے ساتھ جنہوں نے 2002-2024 محکمہ تعلیم ہائی اسکولوں میں شرکت کی تھی۔**

NSC کے پاس 3,600 کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اعداد و شمار موجود ہیں کہ طلبا کون سے کالج میں گئے اور انہوں نے کس قسم کی ڈگریاں حاصل کیں۔ NSC نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے سابقہ طلبا کی نشاندہی کرنے کے لیے اور NYC DOE کو یہ معلومات دینے کے لیے ڈائریکٹری معلومات استعمال کرتا ہے کہ یہ طلبا کہاں کالج میں گئے، وہ کب کالج گئے، ان کی سندیافتگی کی تواریخ، اور انہوں نے کس قسم کی ڈگریاں حاصل کیں۔ NYC DOE ان معلومات کو طلبا کی کالج کے لیے مستعدی اور کامیابی کو سمجھنے کے لیے اور ان کو بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔

نیشنل اسٹوڈنٹ کلئرنگ ہاوس کے ساتھ ڈائریکٹری معلومات کے اشتراک سے کس طرح اوپٹ آوٹ کیا جائے

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (NYC DOE) آپ کے طالب علم کی ڈائریکٹری معلومات نیشنل اسٹوڈنٹ کلئرنگ ہاوس کو دے گا، بشمول نام، گریڈ سطح اور تاریخِ پیدائش، تاوقتیکہ آپ NYC DOE کو ایسا نہ کرنے کا کہیں۔ NYC DOE کو یہ کہنے کے لیے کہ آپ کے بچے کی ڈائریکٹری معلومات NSC کو نہ دی جائَ:

1. اگر آپ NYC DOE کو اس ڈائریکٹری معلومات کے تبادلے کی اجازت دیتے ہیں، آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
2. **اگر آپ معلومات افشا کرنے سے الگ "آپٹ اوٹ" ہونا چاہتے ہیں** (یعنی کہ اگر آپ ڈائریکٹری معلومات کا تبادلہ **نہیں چاہتے**) تو اس فارم کو **بروز جمعہ، 14 فروری، 2025** تک مکمل کریں اور اسے اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل کے پاس جمع کر دیں۔ اگر آپکا NYC DOE اسکول کے نظام میں ایک سے زائد بچہ درج ہے، تو آپ کو لازماً ہر طالب علم کے لیے ایک فارم جمع کروانا ہوگا۔
3. 18 سال یا بڑی عمر کے طالب علم جو ڈائریکٹری معلومات کو افشا نہیں کرنا چاہتے، انہیں لازماً بذات خود فارم مکمل کرنا اور اس پر دستخط کرنا ہونگے۔ FERPA کے تحت والدین یا سرپرست کا دستخط موثر نہیں ہوگا۔
4. اگر آپ یہ فارم جمع کرواتے ہیں، ان ڈائریکٹری معلومات کو افشا نہیں کیا جائے گا ماسوائے کہ آپ اپنا آپٹ آوٹ منسوخ کردیں۔ اگر آپ ایک اوپٹ آوٹ منسوخ کرنا چاہتے ہیں، آپکو اپنے یا اپنے بچے (بچوں) کے اسکول (اسکولوں) کے پرنسپل کو ایسا کہنے کے لیے لازمی تحریر کرنا ہوگا۔

اس اطلاع اور فارم کی نقلیں آپکے یا آپکے بچے کے اسکول سے دستیاب ہیں اور اس تک آن لائن رسائی کی جا سکتی ہے۔ https://www.schools.nyc.gov/learning/student-journey/college-and-career-planning/national-student-clearinghouse-notice-and-opt-out-form اگر آپ کے اس فارم کے بارے میں کوئی سوالات ہیں، براہِ کرم اسکول سے رابطہ کریں۔

برائے مہربانی صرف اس صورت میں اسے مکمل اور دستخط کریں اگر آپ نیشنل اسٹوڈنٹ کلئرنگ ہاوس کو معلومات افشا کرنے سے **خارج (آپٹ آوٹ) ہونے** کی خواہش رکھتے ہیں۔

☐ میں ذیل میں درج کردہ ایک طالب علم ہوں اور میری عمر 18 سال یا زائد ہے۔ میں **نہیں** چاہتا کہ میرا نام، گریڈ سطح اور تاریخ پیدائش نیشنل اسٹوڈنٹ کلئرنگ ہاوس کو افشا کی جائے۔

☐ میں ذیل میں درج کردہ طالب علم کا والدین / سرپرست ہوں، جسکی عمر 18 سال سے کم ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ میرے بچے کا نام، گریڈ سطح اور تاریخ پیدائش نیشنل اسٹوڈنٹ کلئرنگ ہاوس کو افشا کی جائے۔

والدین / سرپرست کے دستخط اگر طالب علم کی عمر 18 سال سے کم ہے ______________________

طالب علم کے دستخط اگر طالب علم کی عمر 18 سال یا زیادہ ہے ______________________

ذیل میں طالب علم کی معلومات درج کریں:			
طالب علم کا نام:	**#OSIS:**	**گریڈ:**	**تاریخِ پیدائش (سال / دن / مہینہ):**
والدین / سرپرست کا نام:	**اسکول کا نام (اور برو):**		